# خمس

<"xml encoding="UTF-8?>

## خمس

مسئلہ 2297: چند مقامات میں خمس واجب ہے:

اوّل: کام کرنے سے جو در آمد ہو اور بعض مقامات میں بغیر کام کئے ہوئے جو آمدنی حاصل ہو۔

دوّم: حلال مال جو حرام مال سے مخلوط ہو گیا ہو۔

سوّم: معدن۔

چہارم: گنج۔

پنجم: جو جواہر غوّاصی یعنی سمندر کے اندر غوطہ لگانے کے ذریعہ حاصل ہوں۔

ششم: جنگی غنیمت ۔

ہفتم: مشہور قول کی بنا پر وہ زمین جسے کافر ذمّی مسلمان سے خریدے ۔

1۔ کام اور محنت یا اس کے بغیر حاصل شدہ درآمد

اس سے پہلے کہ بیان کریں کن مقامات میں خمس واجب ہوتا ہے اور کن مقامات میں خمس نہیں ہے پہلے وہ احکام جو خمس کی تاریخ سے مربوط ہیں بیان کریں۔